RAMPUR GOVt GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

جلد ۲۳	روز دوشنبہ تاریخ ۲۱ مارچ سنہ ۹۲ عیسوی مطابق ۲۱ شعبان ۱۳۰۹ ہجری	نمبر ۱۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
	حکم نواب جوڈیشل ممبر بہادر	
۱	اضافہ احمد علیخان اہلمد فوجداری۔	۱
	احکام صاحب ریونیو ممبر بہادر	
۲	رخصت [illegible]۔	۲
۳	تبادلہ محمد یوسف خان و محمد [illegible] احمد خان۔	۲
	روبکار صاحب ریونیو ممبر بہادر	
۴	دربارہ [illegible]۔	۳و۲
۵	نہر کوسی [illegible] آبپاشی کی جاوے۔	۴و۳
۶و۷	تقرریات و [illegible]	۶و۵
[illegible]	[illegible]	۵

حکم نواب جوڈیشل ممبر بہادر

اضافہ

۱۲ مارچ سنہ ۹۲ء

حسب وصول یادداشت صاحب مجسٹریٹ ضلع احمد علیخان اہلمد عدالت فوجداری کو ایک روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

حسب حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ اجراء ہوں۔

احکام صاحب ریونیو ممبر بہادر

اضافہ

۱۶ مارچ ۱۸۹۲ء

حسب سفارش صاحبزادہ محمد یار علی خان صاحب مہتمم بندوبست چندہ لنسنگ مجریہ عائد چہہ جات سروی کا ایک روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

تبادلہ

۱۴ مارچ ۱۸۹۲ء

حسب ملاحظہ عرض گذرانیدہ محمد یوسف خان نائب گرداور صفائی و محمد عطاء اللہ خان نائب علاقہ دار نہر کوسی بدرخواست تبادلہ خود ہا کئے بجائے دیگرے بمشاہرہ عہدہ ہائے مفوضہ متعلقہ باتفاق رائے نواب جوڈیشل ممبر بہادر تجویز ہوا کہ محمد یوسف خان نائب گرداور صفائی بجائے محمد عطاء اللہ خان نائب علاقہ دار نہر کوسی بمشاہرہ جو عطاء اللہ خان کو ملتا تھا اور محمد عطاء اللہ خان بجائے محمد یوسف خان نائب گرداور صفائی بمشاہرہ محمد یوسف خان مذکور [illegible] کے واسطے تبدیل ہوں۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر

واقع ۸ مارچ ۱۸۹۲ء

قبل ازین چند گزٹ میں دربارہ ٹکٹ سروس ڈاک کے قواعد شائع ہوچکے ہیں علاوہ قواعد یکجائی نہیں ہیں لہذا انہیں اصول پر جو سابقاً نواب جوڈیشل ممبر بہادر کے اجلاس سے طے ہوگئے ہیں قواعد ذیل نظر سہولت صاحبان [illegible] کی جاتی ہیں

دفعہ ۱ ٹکٹ سروس جو تحصیلات کو معرفت ناظر صدر ڈاک کے بھیجے ہیں یا تحصیلات سے صدر کو ڈاک روانہ کرنے میں صرف ہوں انکا خرچ صیغہ جوڈیشل میں بمد ڈاک تحصیلات مجرا ہوگا۔

دفعہ ۲ دیگر اضلاع وغیرہ کی ڈاک میں جو ٹکٹ سروس ہوں وہ اسیطرح صیغہ متعلقہ میں مجرا ہونگے جیسے معمولی ٹکٹ اب تک ہوتے تھے

دفعہ ۳ معمولی ٹکٹ ڈاک کی آیندہ مجرائی نہوگی بلا ضرورت خاص

دفعہ ۴ سروس بیرنگ یا بیرنگ خطوں کی نسبت بھی بموجب دفعات ۱ و ۲ عملدرآمد ہوگا۔

دفعہ ۵ ٹکٹ سروس اور سروس پوسٹ کارڈ کا ذخیرہ خزانہ میں رہیگا نزوات سے روپیہ دیکر سروس ٹکٹ خریدے جاوینگے انگریزی زبان خرید ٹکٹ سروس کی رسید ملتی ہے وہی رسید قیمت مذکور کی نزوات میں درج ہونے کی سند ہوگی۔

دفعہ ۶ ناظر صدر کو اور دیگر افسران کو جو اپنے دستخط سے [illegible] بھیجنے کے مجاز ہیں ایک تعداد معینہ کے ٹکٹ سروس بطور نزوات مستقل دیئے جاوینگے اور تفصیل کتاب نزوات میں زیر شعبہ ٹکٹ سروس خزانہ حساب میں درج ہوجاوے گی۔

دفعہ ۷ ناظر صدر کو جو ٹکٹ دئے جاوینگے وہ ڈاک تحصیلات کے [illegible] و دیگر افسران کو انکے علاوہ اور صرف ڈاک کے واسطے۔

دفعہ ۸ ناظر صدر و دیگر افسران کا جمعخرچ ٹکٹ سروس جب بجرئی واسطے خزانہ میں آویگا تب بجائے نقد روپیہ کے سروس ٹکٹ دیدیئے جاوینگے تاکہ ہر افسر کے پاس ہمیشہ ایک تعداد معین کے ٹکٹ سروس رہیں۔

دفعہ ۹ جمعخرچ ناظر صدر بتصدیق سررشتہ دار صدر اور دیگر جمعخرچ بتصدیق افسر سررشتہ ہوگی اور یہ تصدیق اس امر کی ہوگی کہ خرچ جمعخرچ کے مطابق ہے۔

دفعہ ۱۰ جمعخرچ ٹکٹ سروس کے ساتھ جمعخرچ محصول بیرنگ ہوگا جمعخرچ لفافجات بیرنگ کا روپیہ خزانہ سے نقد دیا جاویگا۔

دفعہ ۱۱ تحصیلات سے ہر مہینہ پر جمعخرچ محصل تحصیل بقایا سابق و بقایا حال و آمد و خرچ ناظر صدر کے پاس آویگا ناظر صدر اپنی کتاب سے تصدیق کرنے کے بعد کرینگے اور اپنے جمعخرچ میں رقوم جمعخرچ تحصیلات شامل کرکے اصل جمعخرچ تحصیلات بھی نتھی کردینگے۔

دفعہ ۱۲ جس وقت جمعخرچ تحصیل ناظر صدر کے پاس پہونچے وہ بعد تصدیق سروس ٹکٹ وبقدر قیمت کے جتنا صرف جمعخرچ میں ہے تحصیل کو بھیجدیا کرینگے تاکہ تحصیل میں بھی تعداد قیمت ٹکٹ سروس ہمیشہ یکساں رہے۔ ناظر کو اپنے جمعخرچ کے ذریعہ سے اوس قدر تعداد کے ٹکٹ سروس خزانہ صدر سے ملجاوینگے۔

تعداد قیمت ٹکٹ سروس جو معزز ممبران کونسل و افسران سررشتہ کو دیئے جاوینگے۔

عالیجناب صاحب پریزیڈنٹ بہادر	نواب جوڈیشل ممبر بہادر	صاحب ریونیو ممبر بہادر
عہ	صہ/	صہ/

صاحب بہادر ہیلتھ آفیسر	منشی شفیع احمد
عہ/	صہ/

صاحب سکرٹری بہادر کونسل	صاحب چیف انجینئر بہادر	صاحب ڈائرکٹر بہادر
عہ/	عہ/	صہ/

ناظر صدر و تحصیلداران	سپرنٹنڈنٹ پولیس	گرداور حفظان صحت
۱/	عہ/	۶/

صاحب افسر گزٹ	صاحب ڈپٹی مجسٹریٹ اشتہار	میر منشی دارالانشا
۶/	۶/	عہ/

حکم ہوا کہ

مطابق قواعد مذکور تعمیل ہو۔ ایک نقل اس روبکار کی خدمت میں نواب جوڈیشل ممبر بہادر کے اطلاعاً مرسل ہو اور ایک نقل واسطے شائع ہونے گزٹ کے مطبع کو بھیجی جاوے۔

(دستخط)

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

روبکار ہذا واسطے اطلاع عام درج گزٹ ہووے اور تحصیلداران صاحبان سند جیسے روبکار ہذا حسب معمول اپنی سررشتہ دار صدر جلد بھجوا دیں۔

(دستخط)

روبکار اجلاس منشی محمد نعیم احمد صاحب بہادر مجسٹریٹ اشتہار واقعہ ۱۷ مارچ ۱۸۹۲ء

نہر کوسی جاری ہوگئی اور سردست ماہ اپریل ۱۸۹۲ء میں ضرورت آبپاشی سے پانی زیادہ ہے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ لیے وقت میں بغرض آبنوشی مویشیان و دیگر امورات خانگی و بطور حفظ ماتقدم آتشزدگی وغیرہ وہ تالاب متعلقہ نہر بند کرکے تالاب لبریز کرلئے جاویں ورنہ جس وقت کہ کثرت بخار آبپاشی زیادہ ہوجاویگی تو صفت پانی دینے میں تامل ہوگا۔

لہذا حکم ہوا کہ۔

روبکار ہذا باجلاس صاحب نائب ممبر بہادر مرسلہ ہو کر گزارش
کی جاوے کہ صاحب بہادر موصوف براہ مہربانی تحصیلداران
حضور تحصیل و ملک و شاہ آباد کے نام حکم جاری فرما دیں کہ وہ پٹواریان
دیہات کو ہدایت کر دیں کہ جو شخص کو پانی لینا ہو وہ اپنی درخواست بقید
نام تالاب موضع و تحصیل اس محکمہ میں براہ راست یا معرفت تحصیل
یا کسی اہلکار نہر کے بھیجا کریں بعد درج رجسٹر فوراً حکم لبریزی تالاب
بلاقیمت پانی دیا جایا کریگا الا اگر بعد لبریزی تالاب میں سے آبپاشی ہوگی
تو آبپاشی محصول اخذ ہوگا۔ اور اگر صاحب ممدوح مناسب
تصور فرما دیں تو یہ روبکار اطلاع عام کیلئے درج گزٹ کیا جائے
اور ایک نقل اسکی بخدمت صاحب اسسٹنٹ انجینیئر بھیجی جاوے کہ
وہ بھی علاقہ جمعداران کو ہدایت تعمیل حکم روبکار ہذا کر دیں علاوہ
ایک نقل اسکی اطلاعاً باجلاس صاحب چیف انجینیئر بہادر پیش ہووے
اور پروانہ بنام منشی عبد القادر خان علاقہ دار آبپاشی جاری ہو

[illegible]

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور میں ابتدای ۱۵ لغایت ۲۱ مارچ سنہ ۱۹۰۲ء

پرگنہ	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی										تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے کم		۱ سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال و زیادہ		میزان		تفصیل مذہب							
	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود		مسلمان	ہنود	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہنود	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
رامپور	۲	۱	۵	۳	۱۳	۹	۴	۳	۳	۱	۰	۲	۲	۱۰	۴	۱۱	۳	۰	۰	۶	۴	۱۲	۰
حضور تحصیل	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
شاہ آباد	۳۴	۱۲	۳	۱۰	۲۹	۶	۲۳	۱۱	۱۰	۳	۱	۱۴	۹	۳۰	۲۰	۱۴	۳۶	۰	۵	۲	۲۵	۵۰	
ملک	۱	۸	۰	۰	۱۲	۱	۱۵	۰	۰	۰	۰	۸	۴	۸	۴	۰	۱۲	۰	۰	۰	۱۲	۱۲	۰
سوار	۲۰	۱۲	۱۵	۱۰	۴۱	۳۸	۲۷	۶	۲	۳	۰	۳۳	۳۸	۳۴	۴۲	۳۱	۴۷	۰	۰	۴۹	۰	۴۹	۰
بلاسپور	۰	۶	۲	۸	۲۰	۶	۱۱	۵	۲	۱	۲	۳۵	۳۱	۳۱	۳۲	۳۶	۲۹	۰	۰	۰	۵۷	۵۷	۰
ٹانڈہ	۱	۷	۰	۴	۱۱	۱	۱۰	۴	۴	۰	۳	۱۳	۹	۱۷	۱۲	۱۶	۱۳	۰	۴	۰	۲۶	۲۹	
میزان	۵۶	۴۹	۲۱	۳۹	۱۰۰	۶۳	۴۸	۴۲	۲۶	۸	۵	۹۰	۱۵۰	۱۳۰	۱۱۱	۲۰۱	۱۳۰	۰	۸	۱۰۹	۲۷۸	۳۴۱	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی ۱۵ لغایت ۲۱ مارچ سنہ ۱۸۹۲ عیسوی

نام جنس	شہر رامپور	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۲ ار	۱۳ ار	۰	۰	۱۳ ار	۱۲ ار	[illegible]
نخود خام	۱۰۶ ار	۱۵ ار	۰	۰	۱۰۱۷ ار	۱۶ ار	
نخود آمیختہ	۱۸ ار	۱۶ ار	۰	۰	۱۸ ار	۱۸ ار	
[illegible]	۱۰۱۹ ار	۰	۰	۰	۱۹ ار	۰	
ماش	۱۳ ار	۱۴ ار	۰	۰	۱۰۱۲ ار	۱۰۱۳ ار	
مونگ	۱۳ ار	۱۴ ار	۰	۰	۱۰۱۲ ار	۱۰۱۲ ار	
[illegible]	۱۱۶ ار	۰	۰	۰	۱۸ ار	۱۸ ار	
[illegible]	۰	۰	۰	۰	۲۱ ار	۲۰ ار	
[illegible]	۰	۰	۰	۰	۱۸ ار	۱۴ ار	
عدس	۱۱۷ ار	۲۰ ار	۰	۰	۲۲ ار	۱۴ ار	
[illegible]	۱۰۱۹ ار	۰	۰	۰	۱۰۲۲ ار	۱۴ ار	
برنج	۰	۱۰ ار	۰	۰	۱۱ ار	۱۲ ار	
روغن زرد	۱ ار	۱ ار	۰	۰	۱۰۱ ار	۱ ار	
روغن سیاہ	۱۰۳ ار	۳۰ ار	۰	۰	۳ ار	۳ ار	
روغن چنبیلی	۰	۲۰ ار	۰	۰	۳ ار	۱۰۱ ار	
نمک سانبھر	۷ ار	۸ ار	۰	۰	۸ ار	۸۰ ار	
نمک لاہوری	۰	۷	۰	۰	۱۰۶ ار	۷ ار	
قند سیاہ	۱۱ ار	۱۰ ار	۰	۱۰	۱۲ ار	۶ ار	

بحکم صاحب سکرٹری بہادر کونسل

۱۷ مارچ سنہ ۱۸۹۲ء

اطلاع

حسب الحکم مہتمم متعلقہ جائداد مرادآباد کی کوئی تحریر جو بلا مہر ہو ریاست میں مستند نہ سمجھی جائے گی - یہ حکم عام واطلاع عام کے واسطے درج گزٹ کیا جاتا ہے -

المشتہر حسب الحکم
محمد احمد سررشتہ دار صدر

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپ کر شائع ہوا